**OFFICE OF THE**

**KHYBER PAKHTUNKHWA BAR COUNCIL**

**KHAYBER ROAD PESHAWAR.**


PH: 091-9211172, 091-9212415 Fax: 091-9213914

www.kpbarcouncil.com e-mail: support@kpbarcouncil.com

# پریس ریلیز

**پشاور 29 ستمبر 2022**

آج خیبر پختونخوا بار کونسل پشاور میں ایک اجلاس زیر صدارت محمد علی خان جدون وائس چیئرمین محمد الیاس خان چیئرمین ایگزیکٹیو منعقد ہوا۔ اجلاس میں حبیب بینک کے سینئر عہدے داروں / منیجمنٹ نے خیبر پختونخوا بار کونسل کے ساتھ رجسٹرڈ وکلاء کی فلاح و بہبود و مالی معاملات سے متعلق تفصیلی گفت و شنید کی۔ آج کے اجلاس میں حبیب بینک انتظامیہ نے خیبر پختونخوا بار کونسل کے رجسٹرڈ وکلاء کو فوری طور پر کریڈیٹ کارڈز، ہوم فنانسنگ، کار لیزنگ اور سافٹ لون فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ جس پر وائس چیئرمین اور چیئرمین ایگزیکٹیو خیبر پختونخوا بار کونسل نے حبیب بینک کے سینئر منیجمنٹ کا شکریہ ادا کیا۔ اور اُنہوں کہا کہ ہم وکلاء کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ اور وکلاء کے تحفظ اور فلاح و بہبود کی خاطر مزید کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔



بتسلیمات

نواز خان عادل

پبلک ریلیشن آفیسر